پریس ریلیز

گوجرانوالہ 11 مارچ 2023ء

مینجنگ ڈائریکٹر سمال انڈسٹری آزاد جموں کشمیر عامر محمود نے وفد کے ہمراہ گوجرانوالہ چیمبر کا دورہ کیا۔وفد کی قیادت کرتے ہوئے کہا کہ گوجرانوالہ میں انڈسٹری مالکان انڈسٹری چلانے میں وسیع تجربہ کے حامل ہیں آج کے دورے کا مقصد یہی ہے کہ کہ یہاں کی انڈسٹری کے تجربات کے متعلق آگاہی ہو سکے علاوہ ازیں گوجرانوالہ میں کس ٹائپ کی انڈسٹریاں کام کررہی ہیں ۔اس تجربے سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ہم آزاد جموں کشمیر میں انڈسٹریاں لگاسکیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس میں تبادلہ خیال کے دوران کیا۔جبکہ اجلاس کی صدارت چیمبر کے نائب صدر عادل ندیم نے کی۔اس موقع پر سابق صدر اخلاق احمد بٹ،سابق سینئر نائب صدر محمد اجمل اعوان،رکن مجلس عاملہ نعیم آصف کے علاوہ سمال انڈسٹری آزاد جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے دیگر عہدیداران بھی موجود تھے۔

قبل ازیں نائب صدر گوجرانوالہ چیمبر عادل ندیم نے مینجنگ ڈائریکٹر سمال انڈسٹری آزاد جموں کشمیر کے ہمراہ تشریف لائے وفد کو گوجرانوالہ کی انڈسٹری کے متعلق تفصیلی ڈاکومنٹری دکھائی گئی۔اور گوجرانوالہ کی انڈسٹری کے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ گوجرانوالہ ایس ایم ای کا حب ہے جہاں چھوٹی اور بڑی انڈسٹری کی تعداد 20 ہزار کے لگ بھگ ہے۔یہاں مختلف 35 سے زائد کلسٹرز بڑی کامیابی سے کام کررہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ آپ کو جس سیکٹر کے متعلق آگاہی درکار ہے ہمیں اس کے متعلق بتائیں ہم آپ کے ساتھ بھرپور تعاون کرنے کو تیار ہیں۔